اوسلو اور Viken میں کرونا وائرس کے ریجنل اقدامات ختم کیے جا رہے ہیں

حکومت نے اوسلو اور Viken بلدیات میں کرونا وائرس کے ریجنل اقدامات ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو وائرس کی برطانوی قسم کے پھیلاؤ کے بعد کیے گئے تھے۔ یہ فیصلہ بلدیات کے مشورے سے کیا گیا ہے۔

- اوسلو، Nordre Follo، Halden اور نواحی بلدیات میں اب صورتحال اتنی واضح ہے کہ حکومت نے ریجنل اقدامات کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب بلدیات کو خود یہ غور کرنا ہو گا کہ وہ قومی سطح پر واجب ہدایات اور فیصلوں کے علاوہ کونسے اقدامات کریں گی، صحت و نگہداشت کے وزیر Bent Høie نے کہا۔

- صحت کی ڈائریکٹوریٹ اور نارویجن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ متعلقہ بلدیات کے ساتھ مکالمہ کرتے رہے ہیں۔ حکومت نے اپنی ہدایات میں ریاستی اقدامات ختم کرنے کا مشورہ دیا ہے اور اس کی بجائے یہ تجویز کیا ہے کہ بلدیات انفیکشن کی صورتحال کے مطابق مقامی اقدامات متعارف کروائیں۔

ریجنل اقدامات 17 فروری تک واجب ہیں۔ Fredrikstad اور Hvaler نے ان اقدامات کو 18 فروری تک بڑھانے کی درخواست کی ہے تاکہ انہیں اپنے اقدامات پر غور کرنے کے لیے کافی وقت مل سکے۔

-اب آنے والے دنوں میں بلدیات فیصلہ کریں گی کہ مقامی اقدامات کیا ہوں گے۔ یہ اہم ہے کہ ان کی آبادی باخبر رہے کہ اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ قومی اقدامات ختم ہونے کا مطلب لازماً یہی نہیں ہے کہ آپ کی رہائشی بلدیہ میں آسانیاں دی جا رہی ہیں، Høie نے کہا۔

ریجنل اقدامات کی سطح کے متعلق مزید معلومات

جب انفیکشن کے پھیلاؤ کے خلاف جلد اور مربوط طور پر اقدامات عمل میں لانا فیصلہ کن اہمیت رکھتا ہو تو مرکزی حکومت فیصلہ کر سکتی ہے کہ ایک بلدیہ اور اس کے اردگرد کی بلدیات میں کونسے اقدامات شروع کیے جائیں گے۔

بلدیات کے لیے اقدامات کی کونسی سطح چنی جاتی ہے، اس کا انحصار انفیکشن کے پھیلاؤ کی شدّت پر ہے۔ اقدامات کی چار سطحیں استعمال کی جا سکتی ہیں۔

یہاں آپ یہ تفصیل دیکھ سکتے ہیں کہ مختلف سطحوں پر کونسے اقدامات واجب ہوتے ہیں۔